بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تصریحات

ترجمان الحدیث، بین الاقوامی سکالر مشہور ادیب و خطیب اور مصنف علامہ احسان الٰہی صاحب ظہیرؒ کا ذاتی مجلہ تھا جو پندرہ برس سے باقاعدگی کے ساتھ شائع ہو رہا ہے۔ ترجمان الحدیث پاکستان میں اردو زبان کا بہترین علمی، ادبی، تحقیقی اور دینی رسالہ ہے۔ ترجمان الحدیث کو ملک کے اساطین علم وفضل ارباب تحقیق ودانش اور احباب علم وادب کا ہمیشہ تعاون حاصل رہا اس کے لکھنے والوں میں ملک کی ممتاز علمی شخصیتیں اور تحقیق ذوق رکھنے والے اہل دانش بھی شامل تھے یہ مجلہ علامہ صاحب کے فکر ونظر اور علم وآگہی کا بھی ترجمان تھا جمعیت اہلحدیث پاکستان کی جب سے نشاۃ ثانیہ کا آغاز ہوا ہے اور جمعیۃ اہلحدیث نے اپنے دفاتر کا باقاعدہ اہتمام والصرام کیا ہے۔ جمعیت اہلحدیث پاکستان کی مجلس عاملہ نے علامہ احسان الٰہی صاحب ظہیرؒ (جب کہ وہ جمعیت اہلحدیث پاکستان کے ناظم اعلیٰ بھی ہیں) سے اسے جماعت کی تحویل میں دینے کی درخواست کی۔ علامہ صاحب نے جماعت کی درخواست کو شرف قبولیت بخشتے ہوئے ازراہ علم نوازی ترجمان الحدیث کو جمعیت اہلحدیث کی تحویل میں دے دیا جمعیت اہلحدیث کی تحویل میں آنے کے بعد یہ ترجمان الحدیث کا پہلا شمارہ ہے ترجمان الحدیث کی علمی روایات اور تحقیقی مضامین کا ماضی نہایت تابناک اور درخشندہ ہے انشاءاللہ ہم مقدور بھر اسکی علمی روایات اسکی متانت سنجیدگی اس کی تحقیق زبان اس کی عظمت بیان اور شوکت الفاظ کو نہ صرف زندہ رکھیں گے بلکہ اس کی روایات کو مزید بلند وبالا کرنے کے لیئے سعی جاری رکھیں گے اللہ پاک کی توفیق اور ارباب دانش احباب علم اور ارباب تحقیق کا تعاون حاصل کرنے میں مزید بہترین روایات قائم کریں گے

گوجرانوالہ ہمیشہ مسلک اہلحدیث کا مرکز رہا ہے۔ مولانا علاؤالدین مرحوم کے بعد شیخ الحدیث مولانا محمد اسماعیل السلفی رحمۃ اللہ علیہ نے پوری زندگی جماعت اور مسلک کے لیئے وقف فرماکر گوجرانوالہ کی جماعتی اور مسلکی

مرکزیت کا لوہا منوالیا ۔ بحمداللہ آج بھی مولانا سلفیؒ کے علمی جانشین شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب امیر جمعیت اہلحدیث پاکستان نے جماعت اہلحدیث گوجرانوالہ کی تابناک روایات کو اپنے اخلاص ایثار استعداد استقامت اور علمی وجاہت سے زندہ وتابندہ رکھا۔ بحمداللہ گوجرانوالہ اور اس کی جماعت آج بھی ملک بھر میں جماعت کا بہت بڑا مرکز اور مسلک کا منبع وسرچشمہ سمجھے جاتے ہیں ۱۹۴۹ء میں مولانا سلفیؒ کی مساعی سے ہفت روزہ الاعتصام کا آغاز بھی مفکر اسلام حضرت مولانا محمد حنیف صاحب ندوی مدظلہ العالی کی ادارت میں ہوا تھا اور اب بھی ہفت روزہ الاسلام کا آغاز معروف اہل قلم جناب بشیر انصاری ایم اے کی ادارت میں شیخ الحدیث مولانا محمد عبداللہ صاحب مدظلہ العالی کی مساعی سے اس گوجرانوالہ سے ہوا۔ سالہا سال سے اسکی مالی ذمہ داریوں کا بار گراں جمعیت اہلحدیث گوجرانوالہ کے بہادر اور اولوالعزم قائدین نے برداشت کیا ۔جمعیت اہلحدیث کی نشاۃ ثانیہ اور تنظیم نو کے بعد جمعیت کی مرکزی مجلس عاملہ نے حضرت الامیر شیخ الحدیث مولانا محمد عبداللہ صاحب کی وساطت سے گوجرانوالہ کی جماعت سے مرکزی جمعیت کی تحویل میں دینے کی درخواست کی ۔ اللہ کا لاکھ شکر ہے حضرت الامیر اور انکے معزز رفقاء نے مجلس عاملہ کی اس درخواست کو قبول فرماتے ہوئے الاسلام مرکزی جمعیت کی تحویل میں دے دیا اور ساتھ ہی اس بات کا واضح اعلان فرمایا کہ ہم حسب سابق اس کے مالی تعاون میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں ہونے دیں گے ۔

جہاں ہم مولانا محمد عبداللہ صاحب مدظلہ اور انکے رفقاء کا شکریہ ادا کرتے ہیں وہاں ہم اس عزم کا بھی اظہار کرتے ہیں کہ ہم الاسلام کو انشاءاللہ حنیفِ آفتاب اور حنیفِ ماہتاب بنانے کی پوری کوشش کریں گے ۔

ملکی حالات جس تیزی سے عریانی اور انارکی کی طرف جارہے ہیں آئے روز جس قسم کے دردناک حادثات رونما ہورہے ہیں قتل وغارت ظلم وستم خونریزی اغوا اور رشوت ستانی کے دردناک حادثات ایک حساس انسان کے اضطراب کے لیئے کافی ہیں۔ بلاشبہ جنرل محمد ضیاالحق نے